بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

بسلسلہ علم الاوفاق:۔ فیضانِ شاہ جمالیہ

نقش مربع ذوالکتابت مع عنصری رفتاریں

(برائے شفائے امراض)

ازافادات:۔ فقیر سائرؔ واسطی شاہ جمالی غفرلہٗ

☆ آیاتِ شفاء یا اسماءِ شفاء کا نقش مربع ذوالکتابت پُر کرنے کا مخصوص طریقہ برائے امراضِ جسمانی و روحانی ذیل میں بیان کیا جارہا ہے۔ بفضلہ تعالیٰ! یہ راز بھی پہلی بار ظاہر کیا جارہا ہے۔ یہ فیضانِ شاہ جمالیہ میری طرف سے تجلیات کے تمام معزز ممبران کیلئے ایک تحفہ ہے آپ اس سے استفادہ فرمائیں۔ مربع ذوالکتابت کا یہ مخصوص طریقہ جسمِ انسانی سے منسوب ہے۔ اور تمام امراضِ جسمانی کیلئے ان رفتاروں سے نقش پُر کر کے کسی بھی مرض کا علاج

کیا جا سکتا ہے یا اس حصے کو کسی مرض میں مبتلا کیا جا سکتا ہے۔ مقصد کے موافق منسوبی و مقلوبی رفتار اختیار کی جا سکتی ہے۔

٭طریقِ کار:۔

آیات کے چار حصے کر کے یا چار مخصوص اسماء، عزائم یا حروف نقش میں مندرجہ ذیل ترتیب سے پُر کریں کہ اگر امراضِ سر کیلئے نقش پُر کرنا ہے یا آتشی حروف کا نقش پر کرنا ہے جو امراض سر سے منسوب ہیں تو سر لوح میں وضع کئے جائیں گے تب نقش ذوالکتابت زیادہ مؤثر اور سریع الاثر ثابت ہوگا۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔

☆اگر امرضِ صدر یعنی سینہ و بازو وغیرہ کیلئے پر کرنا ہو یا بادی حروف کو پر کرنا ہو تو انہیں صدر لوح میں وضع کریں۔

☆اگر امراض شکم وغیرہ کیلئے وضع کرنا ہو یا حروفِ آبی کو نقش میں وضع کرنا ہو تو بطن لوح کی رفتار سے پُر کریں گے۔

☆اگر امراض پاء کولہے سے لیکر پاؤں تک کے امراض کیلئے نقش

پُر کرنا ہو یا حروف خاکی کو نقش میں وضع کرنا ہو تو زیرلوح کی رفتار سے کام لیں گے۔

☆اس طرح یہ طریق نقش زیادہ مؤثر وسریع التاثیر ثابت ہوگا۔ انشاءاللہ تعالیٰ۔

☆یہ ایک بہترین طریقہ ہے جس سے تمام امراض کا علاج کسی ایک آیت یا اسم وغیرہ سے ہی کیا جا سکتا ہے۔جو لوگ کسی اسم ،آیت یا مخصوص سورۃ یا کسی عزیمت کے عامل ہوں وہ اس طریقے سے کام لے کر تمام امراض کا بہترین علاج کر سکتے ہیں ۔ میں تمام عاملین حضرات سے یہ گزارش کروں گا کہ میرے اس پیش کردہ طریقے سے کام لے کر مخلوقِ الٰہی کو زیادہ سے زیادہ فائدہ ضرور پہنچائیں۔

☆یہ طریقہ مخصوص صدری راز واسرارِ سینہ سے ہے ۔ جو فقیر پہلی بار عیاں کر رہا ہے۔ یاد رکھیں کہ انشاء اللہ تعالیٰ تجلیات سے وابستگی آپ کو اُن روحانی اسرار و رموز سے واقف

کرائے گی جو اولیاء کاملین کے سینہ کے راز ہیں یا عاملین وماہرین جفر کے خاص نکات ہیں۔ یہ علمی خزانے کسی دوسرے رسالے یا ادارے یا گروپ سے حاصل نہ ہو سکیں گے اس لئے ان کی قدر کرنا آپ پر لازم ہے۔(اور قدر کرنے کا مطلب کوئی رقم وصول کرنا یا خراج عقیدت کا حصول یا کوئی دنیوی منفعت وغیرہ ہرگز نہیں ہے بلکہ صرف یہ کہ ان سے جائز اور بھلائی کے لئے ہی استفادہ فرمائیں ویسے بھی ناجائز امور میں مگن ہونے سے روحانیت ختم ہو جاتی ہے۔ اور جو لوگ جائز معاملات کا شعور رکھتے ہیں دراصل وہی علوم روحانی کے اہل بھی ہوتے ہیں) اور آپ کا علمی وروحانی فرض بنتا ہے کہ اگر آپ بھی اشاعت وفروغِ علم میں حصہ لینا چاہتے ہیں تو تجلیات کو زیادہ سے لوگوں میں متعارف کرائیں۔ اپنے حلقہ کے ہر فرد کو گروپ کی ممبرشپ کی ترغیب دیں۔ اور اس نیکی کے کام میں تعاون فرمائیں۔ آپ کا یہ معمولی سا تعاون گروپ

کیلئے مفید ثابت ہوگا اور اشاعتِ علوم روحانی میں آپ کی شرکت کا اجر بھی یقیناً آپ کو ملے گا۔ وما توفیقی الا باللہ تعالیٰ۔

☆ ان نئے لوگوں کیلئے جو علوم روحانی کو حاصل کرنا چاہتے ہیں اور ابھی مبتدی کی حیثیت رکھتے ہیں ان کی سہولت کیلئے ایک نقشہ بھی پیش کیا جاتا ہے۔ تاکہ تمام اصنافِ ذوالکتابت کو سمجھنے میں آسانی ہو سکے۔

نمبر شمار	اصنافِ ذوالکتابت	خواص و مقاصد	خانہائے مخصوص
۱	سرلوح	برائے امراضِ سر وغیرہ	نقش کا پہلا بالائی ضلع
۲	صدرِ لوح	برائے امراضِ صدر و بازو وغیرہ	نقش کا دوسرا ضلع
۳	بطنِ لوح	برائے امراضِ شکم وغیرہ	نقش کا تیسرا ضلع
۴	زیرِ لوح	برائے امراضِ پاء وغیرہ	نقش کا چوتھا آخری ضلع

☆ شاید بعض نئے قارئین کو سرلوح صدرلوح وغیرہ اصطلاحی الفاظ کی سمجھ نہ آئے تو واقفیت کیلئے ذیل میں ایک مربع کے اندر

سرلوح صدرلوح وغیرہ کے مخصوص خانوں کی وضاحت کی جارہی ہے۔جو یہ ہے۔

سرلوح	سرلوح	سرلوح	سرلوح
صدرلوح	صدرلوح	صدرلوح	صدرلوح
بطن لوح	بطن لوح	بطن لوح	بطن لوح
زیرلوح	زیرلوح	زیرلوح	زیرلوح

☆بالترتیب پہلے بالائی چار خانوں کو سرلوح ،راسِ لوح، فوقِ لوح، یافرقِ لوح کہتے ہیں۔بعد کے چار خانوں کو صدرلوح یا سینہ لوح، پھران کے نیچے کے چارخانوں کو بطن لوح یا شکم لوح یا جوفِ لوح کہتے ہیں۔اورآخری نیچے کے چارخانوں کو زیرلوح کہتے ہیں۔انہیں کو پائے لوح بھی کہتے ہیں۔

تسدیس زہرہ و مشتری

۲۹ستمبر۲۰۱۹ء کو یہ سعد وقت حآصل ہوگا اس کی ابتداء ۲۸ستمبرشام ۵بجکر ۵۳منٹ پر ہوگی۔عین نظر کا وقت ۲۹ستمبر صبح ۴بجکر ۲۱منٹ اور اس کا اختتام ۲۹ ستمبر صبح ۱۰ بجکر ۵منٹ پرہوگا۔یہ سعد وقت حب و تسخیر کے اعمال کیلئےبہت موثر ہے اس کے اعمال عنقریب انشاء اللہ تعالی ! تجلیات میں پیش ہونگے۔

ایک مخفی نکتہ

☆ یہ امتیاز بھی فقیر کے رسائل کو ہی حاصل ہے کہ پہلی بار یہ مخفی نکتہ انہی رسائل میں اس فقیر نے بیان کیا ہے کوئی بھی دوسرا رسالہ یہ راز قبل ازیں پیش نہ کرسکا ہے۔ وجہ آپ یقیناً جانتے ہی ہیں میں کیا عرض کروں۔

☆ بعض اوقات کسی عمل کی رجعت میں عامل مبتلا ہو جاتا ہے۔ اس کے علاج کیلئے مختلف طریقے و اعمال عملیاتی دنیا میں رائج ہیں۔ سبھی اچھے ہیں لیکن عالمانِ جفر نے ایک مخفی نکتہ بھی بیان کیا ہے کہ جس عمل کی رجعت میں کوئی مبتلا ہوا ہے اس کے عناصر کو جانچا جائے کہ عمل میں کس عنصر کا غلبہ ہے یعنی کس عنصر کے حروف کی تعداد زیادہ ہے۔ اس کے مطابق غالب عنصر کا نقش و عمل ترتیب دیکر بطور علاج استعمال کرایا جائے تو رجعت جاتی رہے گی۔ اور جسم

کے جس حصہ پر رجعت کا خاص اثر واقع ہوا ہے اس کے مطابق طریقہ ہذا سے نقش ترتیب دیکر علاج کیا جائے تو انشاء اللہ تعالیٰ! سو فیصد عمدہ نتائج برامد ہونگے۔

☆اور اگر علاج کیلئے بالمثل یا بالضد کا طریقہ اپنایا جائے تو بہت ہی کارگر ثابت ہوتا ہے ہر دو طریقے لاجواب ہیں۔ جسے چاہے اختیار کریں فائدہ سے کوئی خالی نہیں۔

☆انشاء اللہ تعالیٰ! اس موضوع پر تفصیلی مضمون علیحدہ بھی پیش کیا جائے گا جو مربع ذوالکتابت کے اس طریقے کی وضاحت پر مبنی ہوگا۔ چونکہ ایسے موقع پر ذوالکتابتہ کا اثر ہزار گنا زیادہ تاثیر رکھتا ہے اور میرا محبوب و معمول طریقہ ہے۔ لیکن فی الحال ذوالکتابت نقش کے بارے میں جانیں۔

☆میرا اپنا سوال اور اس کا جواب:۔

سوال:۔خیال آیا کہ میں نے اکثر مضامین میں جو یہ لکھا ہے کہ یہ بات یا یہ نقش یا یہ رفتار تاریخ میں پہلی بار عام کی جارہی ہے ایسا

کیوں لکھا گیا ہے؟ (اور اب تو ڈاکٹر ہما صاحبہ نے بھی یہ لکھنا شروع کر دیا ہے۔قہقہ)

جواب:۔ جناب غلام سرور شباب صاحب کے بعض اشتہارات فقیر کی نظر سے گزرے جس میں انہوں نے بعض تحریروں نقوش وغیرہ کی بابت یہی لکھا کہ یہ تاریخ میں پہلی بار پیش کیا جا رہا ہے۔اور غلام الرسول میمن ناشاد صاحب کی کتاب کے متعلق بھی ایسا ہی دعویٰ کیا گیا ہے کہ اس کی نظیر آئندہ ایک ہزار سال تک بھی ممکن نہیں وغیرہ۔تب سے میں نے اپنی کچھ تحریروں پر یہ بات لکھنا شروع کر دی تاکہ ''بعضوں ''کو آئینہ دکھایا جا سکے اور یہ بھی واضح ہو جائے کہ کونسی چیز نئی ہے ، پہلی بار شائع ہو رہی ہے اور کونسی مسروقہ ہے؟۔میں نے رسالہ ''چشتیہ آئینہ ملتان'' ''رسالہ خیال مجید وہاڑی'' '' ہفت روزہ بدر جہاں بہاولپور'' اور اپنے رسالوں ''عکس روحانی '' '' تجلیات '' ''مخزن '' اور'' انوار واسطیہ'' وغیرہ میں بھی

سالہا سال سے یہی طریقہ اپنائے رکھا جسے میں خود بھی پسند نہیں کرتا لیکن محض ''محبین'' کو چڑانے کی غرض سے ایسا کیا جس سے اب میں بیزار ہو کر کنارہ کشی اختیار کر رہا ہوں۔ لیکن اس کا یہ مطلب نہیں کہ اب جو چیزیں پیش ہونگی وہ پرانی ہونگی۔ نہیں! بلکہ نئی بھی ہونگی لیکن ان کے ساتھ مندرجہ بالا فقرات نہیں لکھوں گا۔ اور اپنی کتابوں پر بھی نظر ثانی کر کے اس قسم کی باتوں کو حذف کروں گا۔ اور اب تک کی حرکتوں کو اللہ تبارک وتعالیٰ معاف فرمائے آمین۔

☆ قصہ کوتاہ!

چاروں اصنافِ نقوش کی چاروں عناصری رفتاریں پیش کی جا رہی ہیں۔ یہ کل ۱۶ رفتاریں دی جا رہی ہیں ان سے ضرورت کے وقت فائدہ اُٹھائیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ! بھرپور فوائد و اثرات حاصل ہونگے۔

تجلیات گروپ

بزرگوں کے روحانی ورثے کا امین ھے۔

نقش مربع ذوالکتابت

سرلوح

☆ یہ امراضِ سر کیلئے خاص رفتاریں ہیں۔ مثلاً سر درد، دماغی کمزوری، پاگل پن، نزلہ، بینائی کے امراض، کان، ناک، منہ، بالوں وغیرہ کے امراض کا علاج یا کوئی جلالی عمل ترتیب دے کر ایسی بیماری میں کسی کو مبتلا کرنا جس کا تعلق سر سے ہو۔ علیٰ ہذاالقیاس۔

☆ اسی طرح آتشی حروف سے اگر نقش وضع کرنا ہو تو اس کیلئے بھی سرلوح کی رفتاریں موزوں ترین ہوتی ہیں۔ یہ نکات علم النقوش والالواح کی جان ہیں۔ ان سے عدم واقفیت نقصان و ناکامی لاتی ہے۔ اور ان کا علم انشاءاللہ تعالیٰ! کامیابی دلاتا ہے اور منزل کے حصول میں آسانی پیدا کر کے منزل مقصود تک پہنچاتا ہے۔ جتنے بھی اعلیٰ پائے کے کام ہیں مثلاً ترقی عہدہ، سلطنت و حکومت و مرتبہ کا حصول

وغیرہ وہ سب کام اسی نقش سے لئے جا سکتے ہیں۔اور ان مقاصد کیلئے مربع ذوالکتابت کی یہ صنف اور اس کی مخصوص رفتاریں خاص کام کرتی ہیں۔اور واقعی بہت کمال کی ہیں۔اہلِ علم اپنے فہم سے کام لیکر ان سے بے شمار فوائد حاصل کر سکتے ہیں۔

*آتشی رفتار

☆یہ پہلی رفتار آتشی ہے۔ اس کی خوبی یہ ہے کہ اس کے چاروں مراتب کے عنصر آتشی ابتداء ہی میں آگئے ہیں۔مراتب نقوش چاروں ادوار کو کہا جاتا ہے۔ان کی دیگر تفاصیل آئندہ مضامین میں بیان کی جائیں گی۔انشاءاللہ تعالیٰ۔

☆اس نقش میں اس کے چاروں مراتب کے آتشی عنصر ابتداء ہی میں واقع ہونے سے یہ خاص آتشی رفتار شمار کی جاتی ہے۔اس طرح کی دیگر آتشی رفتاریں بھی ہیں۔لیکن وہ اس کی نسبت کم آتشی تصور کی جاتی ہیں جس کی کئی وجوہات ہیں پھر کبھی ان کا بیان ہوگا۔اسی طرح دیگر عناصر کے بھی چاروں مراتب کے

خانے ابتداء میں آنے سے وہ اس عنصر کا خاص نقش تصور کیا جاتا ہے۔ یہ بھی ایک خاص پوشیدہ نقطہ ہے۔ جو بیان کردیا گیا ہے۔

☆ یہ خاص آتشی جلالی نقش ہے۔ اگر کسی کو بیمار کرنے یا مرتبہ سے گرانے کیلئے تیار کیا جائے تو ۲۴ گھنٹہ میں ہی تاثیر ظاہر کردے گا۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔ لیکن خوفِ الٰہی کو ملحوظ رکھتے ہوئے ناجائز کام نہ لیں۔

شمس۔ عطارد۔ زحل کی مکمل قوتیں اس نقش میں موجود ہیں۔ ان کواکب کی نحس نظرات میں اموراتِ شر کیلئے تیار کیا گیا نقش فوری نتائج دے گا۔ آتشی رفتار یہ ہے۔

۱۴	۱۱	۸	۱
۴	۵	۱۰	۱۵
۹	۱۶	۳	۶
۷	۲	۱۳	۱۲

* بادی رفتار

☆اس کی خوبی یہ ہے کہ اس کو اگر نحس مقصد کیلئے یعنی اعمالِ شر کیلئے تیار کرنا ہو تو بھی یہ خوب کام دے گی۔ یہ مربع ذوالکتابت زیریں کی معکوس رفتار بھی ہے۔اس لئے اسقاط وغیرہ اعمال شر کیلئے خوب کارآمد ہے۔

۱۵	۱۰	۵	۴
۶	۳	۱۶	۹
۱۲	۱۳	۲	۷
۱	۸	۱۱	۱۴

*آبی رفتار

اس کی خوبی یہ ہے کہ یہ زیریں ذوالکتابت برائے امراضِ پاء و عقود وغیرہ کیلئے بھی مؤثر ہے۔ فوق وتحت دونوں طرح سے یہ ذوالکتابت ہے۔اعمالِ خیر وشر دونوں کیلئے اکسیر ہے۔

۱۶	۹	۵	۴
۳	۶	۱۰	۱۵
۲	۷	۱۱	۱۴
۱۳	۱۲	۸	۱

*خاکی رفتار

مربع ذوالکتابت سرلوح کی یہ چوتھی رفتار خاکی پیش کی جاتی ہے۔ جب نقش کو عنصر کے مطابق خاکی تیار کرنا مقصود ہو تو اس رفتار سے پر کریں۔ خاطر خواہ نتائج برآمد ہونگے۔ انشاءاللہ تعالیٰ۔

۱۳	۱۱	۸	۲
۶	۴	۱۵	۹
۳	۵	۱۰	۱۶
۱۲	۱۴	۱	۷

نقش مربع ذوالکتابت

صدرِلوح

صدرِلوح مربع ذوالکتابت کی چار مخصوص رفتاریں، خواص اور مخصوص نکات۔ یہ امراضِ صدروبازو کیلئے خاص طور پر مفید ہیں۔ان میں اسماءوآیات وغیرہ صدرلوح میں قائم ہوتے ہیں۔ یہ وہ نکات ہیں، جوآج تک پردۂ راز میں تھے اورکسی نے بھی بیان نہ کئے تھے۔اورنام نہاد ماہرین علوم مخفی ان سے واقف ہی نہیں ہیں۔

جب امراضِ صدر یعنی سینہ کے امراض یابازوؤں کے امراض کیلئے نقش بنانا ہویا حروف بادی کو نقش میں وضع کرنا ہوتو اس رفتار سے تیار کرنا چاہئے۔اس سے نقش فوری کام کرتا ہے اور اثرات ونتائج انتہائی شاندار برامد ہونگے۔انشاءاللہ تعالیٰ۔

صدرلوح کی چار عنصری رفتاریں یہ ہیں۔

*آتشی رفتار

یہ مربع ذوالکتابت زیرلوح کی معکوس رفتار بھی ہے۔ اس لئے اعمالِ شر کیلئے بھی مناسب ہے۔

۷	۴	۱۴	۹
۱۳	۱۰	۸	۳
۱۲	۱۵	۱	۶
۲	۵	۱۱	۱۶

*بادی رفتار

یہ بادی رفتار اعمالِ شر کیلئے بھی خاص طور پر مفید اور سریع الاثر ہے۔ یہ مخصوص معکوس رفتار ہے۔ اور اعمالِ شر میں فوری نتائج دیتی ہے۔ اور چونکہ شمس، قمر اور مشتری کی قوتیں بھی اس نقش کے اندر موجود ہیں اس لئے اعمالِ خیر کیلئے بھی اتنی ہی مؤثر ہے۔ مناسب اوقات میں مناسب طریقہ سے کوئی عمل

ترتیب دیگر اس نقش میں وضع کیا جائے تو رزلٹ انشاء اللہ تعالیٰ! سوفیصد اطمینان بخش نکلے گا۔

۷	۴	۱۳	۱۰
۱۴	۹	۸	۳
۱۲	۱۵	۲	۵
۱	۶	۱۱	۱۶

*آبی رفتار

یہ آبی رفتار بھی معکوس زیریں اسقاط واعمال شروغیرہ کیلئے بھی انتہائی مؤثر ہے۔

۷	۱	۱۴	۱۲
۱۶	۱۰	۵	۳
۹	۱۵	۴	۶
۲	۸	۱۱	۱۳

*خاکی رفتار

یہ رفتار اعمالِ شر عقود وغیرہ کیلئے بھی خاص طور پر مفید ہے۔ یہ سرلوح معکوس رفتار بھی ہے۔ اور فوری اثر ہے۔

۱	۸	۱۱	۱۴
۱۵	۱۰	۵	۴
۶	۳	۱۶	۹
۱۲	۱۳	۲	۷

نقش مربع ذوالکتابت

بطنِ لوح

☆ مربع ذوالکتابت بطن لوح کی چار مخصوص رفتاریں پہلی بار پیش کی جارہی ہیں۔ یہ امراض شکم یعنی پیٹ کے تمام امراض کے لئے بھی انتہائی مؤثر ہیں۔ حروف آبی ان میں وضع کئے جائیں تو ان کیلئے بھی مخصوص رفتاریں ہیں۔ بالائی پیٹ اور پیٹ کا

سامنے کا حصہ، اعضائے تناسل، آنتوں کے امراض، تلی، گردوں کے امراض، بواسیر، قبض، پیچش، استسقاء، اپنڈے سائٹس، پتھری گردہ ومثانہ، مردانہ وزنانہ امراضِ مخصوصہ، جریان، احتلام، قوتِ باہ کی کمی، نامردی، سرعت انزال، ذکاوتِ حس، مردانہ وزنانہ بانچھ پن، لیکوریا، حیض کے امراض، وغیرہ غرض پیٹ کے ان حصوں کے تمام امراض کا علاج ان نقوش سے کیا جائے۔ بطن لوح کی چاروں رفتاریں یہ ہیں۔

*آتشی رفتار

۱۲	۱۳	۲	۷
۱	۸	۱۱	۱۴
۱۵	۱۰	۵	۴
۶	۳	۱۶	۹

تجلیات گروپ
اپنے دوستوں کو جوائن کرائیں۔

*بادی رفتار

۱۱	۱۴	۱	۸
۵	۴	۱۵	۱۰
۱۶	۹	۶	۳
۲	۷	۱۲	۱۳

*آبی رفتار

۲	۵	۱۱	۱۶
۱۲	۱۵	۱	۶
۱۳	۱۰	۸	۳
۷	۴	۱۴	۹

یاں خاک سے انہوں کی لوگوں نے گھر بنائے
آثار ہیں جنہوں کے اب تک عیاں زمیں پر

(میر تقی میرؔ)

*خاکی رفتار

١٦	١١	٦	١
۵	٢	١۵	١٢
٣	٨	١٠	١٣
٩	١۴	۴	٧

نقش مربع ذوالکتابت

زیرِلوح

☆مربع ذوالکتابت زیرلوح کی رفتاریں خاص طور پر حروفِ خاکی کیلئے مخصوص ومفید ہیں۔کنج ران سے پاؤں تک یہ جسم انسانی سے منسوب ہیں۔ان تمام امراض کیلئے انتہائی مؤثر رفتاریں ہیں جن کا تعلق ان اعضاء سے ہے۔مثلاً عرق النساء یعنی رینگن یا لنگڑی کا درد، پولیو، وجع المفاصل گٹھیا یعنی جوڑوں کا درد،موچ آنا، ٹانگ کا درد،کولہے کا درد، جوڑ اترنا،فیل پاء،انگلیوں کی خارش،وغیرہ

غرض کولہے سے لیکر پاؤں تک کے تمام امراض کیلئے یہ رفتاریں مفید ہیں۔ ان امراض کیلئے مناسب اعمال ترتیب دے کر ان رفتاروں سے نقوش وضع کریں اور علاج کریں۔ خدمت خلق کریں اورنام کمائیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ! امید سے بڑھ کر نتائج برامد ہونگے۔ وما توفیقی الا باللہ تعالیٰ۔

*آتشی رفتار

۱۲	۱۵	۲	۵
۱	۶	۱۱	۱۶
۷	۴	۱۳	۱۰
۱۴	۹	۸	۳

مرا ایماں عجب کیا ہے جو ایمان تصوف ہے
تصوف جانِ مذہب، عاشقی جانِ تصوف ہے

مولانا سید حسرت موہانی

*بادی رفتار

۷	۱	۱۴	۱۲
۱۶	۱۰	۵	۳
۹	۱۵	۴	۶
۲	۸	۱۱	۱۳

*آبی رفتار

۸	۳	۱۳	۱۰
۱۴	۹	۷	۴
۱۱	۱۶	۲	۵
۱	۶	۱۲	۱۵

* خاکی رفتار

یہ معکوس رفتار بھی ہے۔ استقام، اسقاط و عقود کیلئے بھی
خاص طور پر مؤثر ہے نیز اعمال شر کیلئے بھی ایک سریع الاثر

رفتار ہے۔

۱۴	۱۱	۸	۱
۷	۲	۱۳	۱۲
۹	۱۶	۳	۶
۴	۵	۱۰	۱۵

☆ واضح ہو کہ یہ تمام ۱۶/ رفتاریں آپ پہلی بار ملاحظہ فرمارہے ہیں ۔ میں نے کتاب اسرارالالواح میں دو سو سے زائد نقش مربع ذوالکتابت کی رفتاریں درج کی ہیں۔

آپ اس تحفہ کو طریقہ کے مطابق استعمال کر کے یقینا بخل شکنی کی داد دیں گے۔ انشاءاللہ تعالیٰ۔ یہ فیضانِ شاہ جمالیہ ہے اس سے ضرور فائدہ اُٹھائیں ۔ ضرورت پڑنے پر ان نقوش کو استعمال کریں اور فیض پائیں۔

دعاگو

فقیر سائر واسطی شاہ جمالی غفرلہٗ